نئی دہلی، 15 دسمبر (سلیم صدیقی/ایس این بی) مرزا غالب کی شاعری نے مشرق وسطیٰ کے ممالک میں ایک سفیر کا کردار ادا کیا ہے۔ غالب ایک عظیم ایک شاعر ہی نہیں بلکہ سماج کے ہر طبقہ کا درد محسوس کرنے والے مخلص انسان بھی تھے۔ ان خیالات کا اظہار مرکزی وزیر برائے انسانی وسائل ارجن سنگھ نے آج ایوان غالب میں منعقد تقریب "تقسیم غالب انعامات 2006" اور بین الاقوامی غالب سیمینار کے افتتاح کے موقع پر خطاب کرتے ہوئے کیا۔ تقریب کی صدارت ہریانہ کے گورنر اخلاق الرحمن قدوائی نے اور نظامت شاہد ماہلی نے کی۔ اس موقع پر خواجہ حسن ثانی نظامی، جسٹس بدر دریز احمد، پروفیسر نذیر احمد، سابق گورنر شفیع قریشی، سید امیر حسن عابدی اور پروفیسر شمیم الرحمن قدوائی بھی موجود تھے۔ انعامات تقسیم کرنے کے بعد ارجن سنگھ نے اپنی تقریر میں کہا کہ مرزا اسد اللہ خاں غالب ایک عظیم شاعر ہی نہیں بلکہ سماج کے ہر طبقے کے لوگوں کو دلوں میں رکھنے والے ایک عظیم انسان بھی تھے یہی وجہ ہے کہ ایک صدی سے زیادہ گذر جانے کے بعد بھی لوگوں کے دل و دماغ پر چھائے ہوئے ہیں۔ ارجن سنگھ نے کہا کہ غالب نے اپنے عہد کے اہم مسائل کو اپنی کھلی آنکھوں سے دیکھا اور کھلے ذہن سے سمجھا پھر انہیں شاعری میں برتا۔ انہوں نے کہا کہ غالب کی شخصیت اور شاعری میں ہندوستانیت پائی جاتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ غالب نے مغلوں کی تاریخ بھی لکھنا شروع کی تھی لیکن وہ مکمل نہ ہو سکی۔ ارجن سنگھ نے کہا کہ غالب کی شاعری نے مشرق وسطیٰ کے ممالک میں ایک سفیر کا رول ادا کیا ہے اور ایران، افغانستان، ازبکستان، آذربائیجان، ترکمانستان، تاجکستان اور قزاقستان وغیرہ کے ہندوستان سے رشتے مضبوط بنانے میں اہم رول ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان سے ہمارے رشتے بنتے بگڑتے رہے ہیں لیکن غالب وہاں ہندوستان کی طرح ہی مقبول رہے ہیں۔ ہریانہ کے گورنر اخلاق الرحمن قدوائی نے اپنے صدارتی خطبے میں اردو ادب، تہذیب اور ثقافت کی خدمت کرنے اور تحقیق و اشاعت میں اہم کردار ادا کرنے پر غالب انسٹی ٹیوٹ کو مبارکباد دی اور اس موقع آنجہانی اندرا گاندھی اور مرحوم فخرالدین علی احمد کو یاد کیا جن کی کوششوں سے غالب انسٹی ٹیوٹ کا قیام عمل میں آیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ اس انسٹی ٹیوٹ کے قیام مقصد غالب کو یاد رکھنے کے ساتھ ساتھ اپنی سات سو سالہ تہذیب و ثقافت کا تحفظ کرنا بھی تھا۔ انہوں نے کہا کہ اردو ادب وسطی ایشیا سے رابطہ رکھنے کا ایک اہم ذریعہ ہے۔ غالب انسٹی ٹیوٹ کے سکریٹری پروفیسر اخلاق الرحمن قدوائی نے خیر مقدمی کلمات ادا کرتے ہوئے کہا کہ غالب انسٹی ٹیوٹ کی جانب سے دئے جانے والے غالب ایوارڈ اور بین الاقوامی غالب سیمینار علم و ادب کی دنیا میں اپنی منفرد شناخت قائم کر چکا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مرزا غالب کی شاعری اور نثر کے ساتھ ساتھ ان کی شخصیت اور اسلوب پر کام ہوتا رہا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ اس بار بین الاقوامی سیمینار میں ہندوستان کے علاوہ پاکستان، ایران اور افغانستان کے اسکالر شرکت کر رہے ہیں۔ ہماری کوشش ہے کہ تہذیبی روایات کو فروغ حاصل ہو اس کے لئے کلکتہ، آگرہ، بنارس اور رام پور جا کر نئے اسکالروں سے رابطے قائم کئے گئے اور نئی صلاحیتوں کو آگے لانے کے لئے 'شام شہر یاراں' کا انعقاد کیا جاتا ہے۔ غالب انسٹی ٹیوٹ کے ڈائرکٹر شاہد ماہلی نے انسٹی ٹیوٹ کی سال بھر کی کارگذاریوں پر روشنی ڈالی اور مستقبل کے پروگراموں سے روشناس کرایا۔ اس موقع پر ارجن سنگھ نے غالب انسٹی ٹیوٹ کی چار کتابوں "غالب اور رام پور"، "غالب کے منتخب فارسی مکتوبات"، "تفہیم غالب" (شمس الرحمن فاروقی) اور "غالب نامہ" کے علاوہ حق عابدی کی کتاب "غالب کی نعت اور منقبت" کا اجرا بھی کیا۔ پروفیسر حامدی کاشمیری کو فخرالدین علی احمد غالب انعام برائے اردو تحقیق و تنقید سے نوازا گیا۔ وہ اپنی بیماری کے سبب ایوارڈ لینے نہیں آ سکے ان کی جانب سے یہ انعام شاہد ماہلی نے قبول کیا۔ ان کے علاوہ پروفیسر کبیر احمد جائسی (انعام برائے فارسی تحقیق و تنقید)، پروفیسر اسلم پرویز (برائے اردو نثر)، بلراج کومل (برائے اردو شاعری)، اظہار اثر (برائے سائنسی خدمات)، شاہد انور (برائے اردو ڈرامہ) اور نعیم صبا تریدی (برائے مجموعی ادبی خدمات) نے ارجن سنگھ کے ہاتھوں اپنے ایوارڈ قبول کئے۔ بعد ازاں پاکستان کی معروف گلوکارہ گلشن آرا سید نے غالب کا کلام پیش کیا۔ اس تقریب میں ملک کے معروف اسکالر، صحافی، ادبا اور شعراء نے شرکت کی جن میں اسد مفتی (ہالینڈ)، مرزا حامد بیگ (پاکستان)، ایران کلچر ہاؤس کے ڈائرکٹر محمد حسین مظفری، روزنامہ راشٹریہ سہارا کے ایڈیٹر عزیز برنی، مسز ریشما برنی، ڈاکٹر کمال احمد صدیقی، پروفیسر تقی حسین جعفری، پروفیسر علی احمد فاطمی، ڈاکٹر ملک زادہ منظور احمد، پنڈت آنند موہن زتشی گلزار دہلوی، خلیق انجم، زبیر رضوی، شریف الحسن نقوی، مرغوب حیدر عابدی، ڈاکٹر نزہت نگار، تحسین سعیدی، خواجہ عبدالخالق، انیس اعظمی، طالب زیدی میرٹھی، منگلیش ڈبرال، وارث ساقی، عظیم امروہوی، پروفیسر شمیم حنفی، انیس مرزا، خورشید اکرم، عقیل ہما، انجم عثمانی، منگیش امروہوی، ملک زادہ جاوید، معین شاداب، سیماب سلطان پوری وغیرہ کے نام قابل ذکر ہیں۔

لئے لگائی گئی مشینوں کو جدید ترین بتا کر مریضوں کو لوٹا جا رہا ہے، جب کہ یہی ٹسٹ دوسری جگہ سے کرانے پر بہت کم خرچ آتا ہے اور رپورٹ بھی بہتر ہوتی ہے۔ ان شکایات کی بنیاد پر اب وزارت میں اس کی روک تھام کے لئے پارلیمنٹ میں ایک نیا بل پیش کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔

وزیر ونود شرما کے بیٹے سدھارتھ دشمنت عرف منو شرما سمیت کل 9 افراد ملزم ہیں۔ قابل ذکر ہے کہ اپریل 1999 کو ایک ریسٹورنٹ میں ماڈل جسیکا لال کا قتل کر دیا گیا تھا۔

نزدیک آنے کو کہا گیا تھا، وہاں سے موٹر سائیکل ڈی ایل 7 ایس ایس 3086 پر سوار ایک شخص راج کمار (49) کو گرفتار کر لیا گیا جو رقم لینے آیا تھا۔ راج کمار کو 1997 میں خراب کردار کے سبب ملازمت سے برخاست کر دیا گیا تھا۔ اس کا دوسرا ساتھی زیشان فرار ہونے میں کامیاب ہو گیا۔

بین الاقوامی غالب سیمینار جاری، دنیا بھر کی کئی ادبی و علمی شخصیات کی شرکت

نئی دہلی 16 دسمبر (ایس این بی) ایوان غالب میں غالب سے متعلق سیمینار آج بھی جاری رہا۔ سیمینار کے دوسرے روز پہلے اجلاس میں 3 مقالے پڑھے گئے۔ اس موقع پر جوگیندر پال نے اظہار خیال اور افغانستان کے سفارتخانے میں کاؤنسلر افسر رحیمین نے اپنا مقالہ پیش کیا۔ انہوں نے اپنے دور کے دو عظیم فنکاروں غالب اور حافظ کی بادہ نوشی و بیخودی کے حوالے سے یہ بتانے کی کوشش کی کہ کس طرح مے نوشی کے ذریعہ انہوں نے اپنے عصری مسائل کو فلسفیانہ انداز میں حل کیا۔ ڈاکٹر بدلی نے کہا کہ فیض احمد فیض کی شاعری میں زبان، ترکیبیں، استعارات، تشبیہات اور مفاہیم کی سطح پر غالب سے استفادہ کیا گیا ہے۔ تیسرا مقالہ ڈاکٹر حسن عباس نے پیش کیا جو برقی خاندان کے شاعر اور ادیبوں سے متعلق تھا۔ انہوں نے رفیع الدین رفیع برقی کے تجزیہ کلام غالب کا مکمل تعارف کرایا۔ آخر میں جوگیندر پال نے اپنی تقریر میں کہا کہ کوئی بھی فنکار خواہ وہ مصور ہو، سنگ تراش ہو یا شاعر سب ایک ہی بات اپنے فن کی معرفت سے ادا کرتے ہیں۔ یعنی میڈیم الگ ہو سکتا ہے نظریہ سب کا ایک ہی ہوتا ہے۔ وہ کسی خاص علاقہ، فرقہ، طبقہ یا زمانہ کو مخاطب نہیں کرتا، بلکہ پوری انسانیت اس کے پیش نظر ہوتی ہے۔ جوگیندر پال نے ڈاکٹر سرور الہدیٰ کے مقالہ کے حوالہ سے کہا کہ فنکاروں کے درمیان موازنہ کرنا صحت مند نہیں ہے۔ سیمینار کے دوسرے اجلاس کی صدارت ڈاکٹر محمد حسن اور غالب انسٹی ٹیوٹ کے سکریٹری ڈاکٹر صدیق الرحمن قدوائی نے کی۔ مصحف اقبال توصیفی نے ''غالب میرا عہد میری شاعری'' کے عنوان سے اپنا تحقیقی مقالہ پیش کیا۔ انہوں نے کہا کہ غالب کی شاعری نہ صرف منظم راہ عمل ہے بلکہ حسن عمل کی ترغیب بھی دیتی ہے۔ غالب کا سب سے بڑا کارنامہ بیسویں صدی کے شاعرانہ رویوں میں بڑی تبدیلی ہے جو غالب کے نظریہ کی دین ہے۔ بہار کے موضوع پر مربوط غزل نظم کے اسلوب کے بہت قریب آ پہنچی تھی۔ مقالہ نگار نے وضاحت کی کہ جو بات ہم آج سوچ رہے ہیں ان نکات پر غالب کا ذہن بہت پہلے متحرک ہو چکا تھا۔ ڈاکٹر سید تقی عابدی (کناڈا) نے ''غالب کا نعتیہ کلام اور جدید تنقید'' پر اپنا تحقیقی مقالہ پیش کیا۔ انہوں نے اس بات پر افسوس ظاہر کیا کہ غالب کو ان کی مے نوشی، بیخودی اور قمار بازی اور دنیاداری کے حوالہ سے جانا جاتا ہے۔ ان کے ساڑھے تیرہ ہزار اشعار اردو فارسی میں موجود ہیں۔ غالب شناسی کی اس جہت سے روشناس کراتے ہوئے فارسی کے استاد اور محقق نے معراج نامہ کے ذریعہ اپنی بات کو مدلل پیش کیا۔ اس اجلاس کا آخری مقالہ غالب اور ان کی دلی کے عنوان سے پروفیسر شمیم حنفی نے پیش کیا۔ انہوں نے کہا کہ غالب کی حیثیت میرے لئے ایک مصرع کی طرح ہے انہوں نے کہا کہ غالب جہاں دشواریاں پیدا کرتے ہیں وہیں پیچیدہ راستے کو سہل بھی بناتے ہیں۔ غالب کی کہانی ایک شہر کی کہانی ہے ان کی شخصیت اور تخلیق دو چیزوں کی کتھا ہے کہ از خود ان کی زندگی دوران ان کا عہد اور ان کا شہر۔ شمیم حنفی نے ان کی شخصیت کو جہاں انتہائی تہہ دار اور پیچیدہ بتایا وہیں ان کی شاعری کو گنجینۂ معنی کا طلسم قرار دیا۔ گویا غالب کے یہاں ایک وقت کئی زمانے سانس لیتے اور یہی چیز ان کی شاعری کو آفاقی بناتی ہے۔ ڈاکٹر حنفی نے انتظار حسین کی ایک کتاب دلی جو ایک شہر تھا کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ غالب کے دلی کے پانچ اہم محور ہیں، لال قلعہ، جامع مسجد کا ہجوم، چاندنی چوک، جمنا کی لہریں اور مہرولی میں پھول والوں کی سیر۔ ڈاکٹر محمد حسن نے اپنی صدارتی تقریر میں کہا کہ اس سیمینار میں ایک اہم پہلو پر توجہ دی گئی ہے۔ غالب کو بحیثیت شاعر، ولی اور رند کی حیثیت سے دیکھا گیا۔ لیکن انہیں ہندوستان کے زاویہ سے دیکھنے کی ضرورت نہیں سمجھی گئی۔ ڈاکٹر حسن کے مطابق اردو کے استاد شعرا اور ادیبوں میں واحد غالب ہی ہمہ جہت شخصیت کے مالک تھے۔ جن کے دوستوں میں اہل ہنود، عیسائی اور انگریز بھی شامل تھے اور وہ ان کے ہمراز بھی تھے۔

(اوپر دائیں سے) پروفیسر جوگیندر پال، ڈاکٹر تقی عابدی، پروفیسر علی احمد فاطمی، افسر رحیمین، ڈاکٹر حسن عباس، پروفیسر شمیم حنفی، ڈاکٹر موصیف اقبال توصیفی، پروفیسر لطف الرحمن، ڈاکٹر سرور الہدیٰ اور (نیچے دائیں سے) امیر حسن عابدی، ڈاکٹر خلیق انجم، پروفیسر ندیم سید (پاکستان)، مرزا حامد (پاکستان) اور آخر میں سامعین میں پروفیسر عتیق اللہ تابش، پروفیسر صادق ودیگر۔

ڈاکٹر سید تقی عابدی

کی تصنیف

غالب دیوان نعت و منقبت

کی رسم اجراء و مذاکرہ

پہلا اجلاس (افتتاحی) ۱۹ر دسمبر ۲۰۰۶ء بروز منگل ۲:۳۰ بجے سہ پہر تا ۴:۳۰ بجے شام

بمقام: وزیانگرم ہال سائنس فیکلٹی، الہ آباد یونیورسٹی

افتتاح : پروفیسر آر۔ جی۔ ہرشے (وائس چانسلر، الہ آباد یونیورسٹی)

صدارت : پروفیسر شمس الرحمن فاروقی (وائس چیئرمین قومی اردو کاؤنسل نئی دہلی)

مہمان خصوصی : ڈاکٹر سید تقی عابدی (کینیڈا)

مہمانان ذی وقار : پروفیسر نعیم الرحمن فاروقی (ڈین، ڈگری کالج ڈیولپمنٹ کاؤنسل، الہ آباد یونیورسٹی)

جناب فردوس اے۔ وانی (رجسٹرار، الہ آباد یونیورسٹی)

دوسرا اجلاس (مذاکرہ) ۱۹ر دسمبر ۲۰۰۶ء بروز منگل ۶ بجے شام تا ۸ بجے شب

بمقام: (علی کامپلکس) عسکری مارکٹ، ۱۴/۸ مہ جواہری روڈ، کریلی، الہ آباد

صدارت : پروفیسر سید محمد عقیل رضوی

مہمان خصوصی : ڈاکٹر سید تقی عابدی (کینیڈا)

مقررین : پروفیسر جعفر رضا، پروفیسر سید فضل امام رضوی، پروفیسر علی احمد فاطمی

شکریہ : پروفیسر سید حسین کمال الدین اکبر

نظامت : جناب سید حیدر زیدی اناوی

آپ سے شرکت کی پرخلوص استدعا ہے۔

ڈاکٹر سید فاضل اے۔ ہاشمی (کنوینر)

9415262169

Release Function

of

Dr. Syed Taqi Abedi's (Canada)

book

"GHALIB - Diwan-e-na'at-o-manqabat"

on Tuesday, 19th December 2006 at 2.30 p.m.

at

Vizianagram Hall, Science Faculty, Allahabad University

by

Prof. R. G. HARSHE

(Hon'ble Vice Chancellor, A.U.)

to be presided over by

Prof. Shamsur Rehman Faruqi

(Vice-Chairman, National Council for Promotion of Urdu Language)

Chief Guest :

Dr. Syed Taqi Abedi *(Canada)* MBBS, MS, FCAP, FRCP

Guest of Honour :

Prof. Naeem-ur-Rehman Faruqi

(Dean, Colleges Development Council, A.U.)

Mr. Firdous A. Wani

(Registrar, Allahabad University)

Your gracious presence is solicited.

Reception Committee :

Prof. (Mrs.) A.N.Khan, Prof. (Mrs.) N.Sardar.
Prof. A.A. Fatmi, Dr. (Mrs.) S. Hameed

Convener :

Dr. Fazil A. Hashmi (D.Litt. Scholar, Urdu Deptt. A.U.)

Phs. : 2551241, 9415262169

Bazm-e-Ghalib
RELEASE FUNCTION
of
Dr. S. Taqi Abedi's
book
GHALIB
بزم غالب

NORTHERN INDIA
PATRIKA
WEDNESDAY, DECEMBER 20, 2006

The AU VC, Prof. R.G. Harshe releasing a book 'Ghalib-Diwan-e-na'at-o-Manqabat' on Tuesday.

Ghalib-Diwan-e-na'at-o-Manqabat relased

Ghalib did wonders in religious writings too: Prof Harshe

ALLAHABAD :" Mirza Ghalib who is known for love and beauty -based poems and couplets , had gifted priceless repository to generation in the form of Naat and religious rhymes " said vice chancellor of Allahabad university Prof RG Harshe while releasing the book Ghalib-Diwan-e-na'at-o-manqabat in a glittering function held at Vijainagram hall on Tuesday.

He said that though , he had not gone through the literature of Ghalib, but on the basis of interaction with eminent writer and poet Gulzar, it could be said that Ghalib not only did wonders in Urdu poetry but also made remarkable contribution in religious writings He further released the book title "Ghalib-Diwan-e-na'at-o-manqabat" written by Canada based NRI author and medical practitioner Dr. Syed Taqi Abedi .

The function was presided over by Prof. Shamsur Rehman Farooqi, Vice-Chairman, National Council for Promotion of Urdu language. Dr. Syed Taqi Abedi (Canada) who was chief guest on the occasion said that despite his medical profession , he tried to unveil the hidden facets of Mura Ghalib .

He further maintained that literature of the country act as bond for the person staying in other part of the globe . The guest of honour was Prof. N.R. Farooqi, Dean, College Development Council, and Prof. K.N. Yadav, Vice-Chancellor, UP Rajrashi Tandon Open University. Mr. Firdous A. Wani, Registrar also released a book titled Shabda-E- Sakt.. He said that literature teaches us about the existing Ganaga-Jamuni tradition in the country .

Wednesday, December 20, 2006
Hindustan Times

2 special wards for Kumbh at SRN Hospital

HT Correspondent
Allahabad, December 19

TO PROVIDE better medical care during the Ardh Kumbh Mela, set to kick off in January 2007, two special wards, with a total capacity of 100 beds and equipped with medicines and instruments, would be readied at the SRN hospital. Facilities at the hospital too would be given a boost with new oxygen cylinders, surgical instruments, X-ray plates and trolleys, besides other facilities to handle any emergencies that may arise during the mela.

A decision in this regard was taken at a meeting of the sub committee of the SRN hospital steering committee formed by the Allahabad University (AU) executive council on Tuesday. The sub committee members decided to submit a demand of Rs 1.10 crore to the AU to update the hospital facilities. AU executive council member, Sunit Vyas chaired the meeting, which was briefly attended by AU Vice-Chancellor Prof Rajen Harshe and AU registrar, Firdous A Wani.

The participating members stressed on the need to procure quality medicines directly from the manufacturing companies and also gave a go ahead to the much needed relaying of electricity cables.

Vyas informed that a decision to forward a proposal of Rs 1.52 crore, prepared by the UP Jal Nigam, for the face-lift of the hospital buildings and campus, was also taken during the meeting. "The proposed beautification would be a part of phase two of the initiative, as we wanted to concentrate on the preparations of the Ardh Kumbh in the phase one," Vyas added.

Sub committee members including MLN Medical College principal Dr PC Saxena, Dr AN Verma, Dr Manisha Dwivedi, Dr DR Singh, Dr SK Shukla and Dr Mamta Singh, superintendent of SRN hospital, Dr ST Imam, the matron and two junior doctors Dr Neeraj Srivastava and Dr Apporva Mittal also participated in the meeting as special invitees.

'Safety top priority'

NORTH CENTRAL Railway (NCR) general manager Budh Prakash today directed the officials to ensure that safety was given top priority in the work undertaken for the upcoming Ardh Kumbh mela by the department.

The GM while speaking at a seminar organised by Regional Centre Track Engineers Organisation at the Indian Railway Track Machine Training Centre, Subedarganj here on Tuesday said that safety measures should be given top priority at work place, as a minor mistake might lead to a catastrophe.

Taking a serious note of the accidents occurring due to collapse of old structures and due to faulty constructions, the GM said that safety aspect should always be taken into consideration. **HTC**

AU V-C releases book on Ghalib

HT Correspondent
Allahabad, December 19

ALLAHABAD UNIVERSITY (AU) Vice-Chancellor Prof Rajen Harshe released 'Ghalib -Diwan-e -Na'at - o - Manqabat, a book by Dr Syed Taqi Abedi of Canada in the presence of renowned Urdu scholars at AU's Vizianagram Hall on Tuesday. Vice-Chairman of National Council for Promotion of Urdu Language Prof Shamsur Rehman Faruqi presided over the function.

Prof Harshe said that the book was a sincere effort of Dr Abedi and added that the students should follow the example set forth by Dr Abedi in the field of literature. Prof SR Farooqi said that the book was a treat for Urdu poets and praised the efforts of Dr Abedi in exploring several aspects of life reflected in the Ghalib's writings.

Uttar Pradesh Rajarshi Tandon Open University Vice-Chancellor Prof KNS Yadav, Head of AU's Medieval and Modern History Department Prof NR Farooqi and AU Registrar Firdous A Wani also graced the occasion. A number of renowned Urdu scholars and students were also present.

Rajasthani folk music show

HT Correspondent
Allahabad, December 19

THE ALLAHABAD University (AU) and Spicmacay Allahabad are jointly organising a recital of Rajasthani folk music by famous Rajasthani Folk Musicians- Langas and Manganiyars- on December 21 at 2 pm in the AU Department of Journalism and Mass communication.

It is worth mentioning that Langas and Manganiyars have many cassettes and CDs to their credit and have contributed music for many Hindi films too.

सूचना
सभी सम्बन्धितों को सूचित किया जाता है कि आगामी दि. 25.12.2006 को प्रबंधकारिणी चुनाव हेतु शिक्षा प्रसार समिति सरांय अकिल कौशाम्बी की साधारण सभा की बैठक, पूर्व प्रसारित एजेण्डानुसार आदर्श बालिका उ. हाईस्कूल सरांय अकिल के प्रांगण में पूर्वाह्न 11 बजे आहूत है। तदनुसार सदस्यगण उपस्थित होने का कष्ट करें।
कृष्ण कुमार शुक्ला
मंत्री शि.प्र.स.

दैनिक जागरण

बुधवार 20 दिसंबर 2006 · पौष अमावस्या विक्रम 2063

इविवि डाक्टरों की प्राइवेट प्रैक्टिस पर लगायेगा लगाम

- विश्वविद्यालय प्रशासन गुपचुप बना रहा है ऐसे चिकित्सकों की सूची

इलाहाबाद, स्टाफ रिपोर्टर : मेडिकल कालेज के उन डाक्टरों पर जल्द ही लगाम लगने जा रही है जो प्राइवेट प्रैक्टिस कर रहे हैं। इलाहाबाद विश्वविद्यालय प्रशासन की ओर से ऐसे डाक्टरों को चिह्नित कर उनके आवासों पर छापे की कार्यवाही की सकती है।

विश्वविद्यालय प्रशासन बहुत गोपनीय तरीके से उन चिकित्सकों की सूची भी तैयार कर रहा है जो प्राइवेट प्रैक्टिस कर रहे हैं। यह डाक्टर कहां प्राइवेट प्रैक्टिस कर रहे हैं उसका पता भी लिखा जा रहा है। किन

नर्सिंग होमों में उनके नाम चस्पा है इसकी भी पहचान करायी जा रही है। इस काम में मेडिकल कालेज के किसी डाक्टर को नहीं लगाया गया है। विश्वविद्यालय के अधिकारियों को यह भी जानकारी मिली है कि कतिपय चिकित्सक स्वरूपरानी अस्पताल में आने वाले मरीजों को प्राइवेट नर्सिंग होम में भेज देते हैं उनके नाम भी मांगे गये हैं। संभव है कि पहले इनको नोटिस भेजी जाय। वैसे विश्वविद्यालय प्रशासन ने संकेत दिये हैं कि जल्द ही ऐसे डाक्टरों के यहां रेड डाली जायेगी। डाक्टरों से स्पष्ट कह दिया जायेगा कि वे यदि प्राइवेट प्रैक्टिस करना चाहते हैं तो मेडिकल कालेज छोड़ दें। इसी प्रकार की व्यवस्था एम्स एवं बीएचयू में भी लागू है।

मेडिकल कालेज को मिले 12 करोड़

इलाहाबाद : यूजीसी ने मेडिकल कालेज एवं उससे सम्बद्ध चिकित्सा संस्थानों के लिए विश्वविद्यालय को फिलहाल 12 करोड़ दे दिये हैं। वैसे विश्वविद्यालय प्रशासन ने इसके लिए 50 करोड़ रुपये मांगे हैं। मेडिकल कालेज का पूरा स्वरूप एम्स की तरह आधुनिक बनाने की बात चल रही है।

बनेगा ख्याति प्राप्त डाक्टरों का पैनल

इलाहाबाद : स्वरूपरानी की दशा सुधारने के लिए देश-विदेश के बड़े डाक्टरों की एक टीम भी तैयार की जा रही है जो समय-समय पर अपना सुझाव देते रहेंगे। परिसर सूत्रों के कुलपति ने पिछले दिनों एम्स के एक पूर्व निदेशक से कई घण्टे एकान्त में वार्ता करके इसकी रूपरेखा तैयार की है। इसके तहत प्रतिष्ठित चिकित्सकों की सहमति से एक ऐसी सलाहकार समिति गठित करने की योजना बनायी जा रही है जो यहां की स्थिति को सुधारने में मदद कर सके।

एसआरएन : बदले जायेंगे खिड़की और दरवाजे

इलाहाबाद : इलाहाबाद विश्वविद्यालय का अंग बनने के बाद स्वरूपरानी नेहरू अस्पताल में बदलाव के लिए नित्य नये नये प्रस्ताव सामने आ रहे हैं। इस क्रम में एक ताजा प्रस्ताव यहां के जर्जर हो चुके दरवाजे व खिड़कियों को बदल दिये जाने को लेकर आया है। इसके लिए करीब एक करोड़ 52 लाख रुपये खर्च का भी प्रस्ताव है। इस संदर्भ में मंगलवार को सब स्टेयरिंग कमेटी की बैठक हुई जिसमें कई महत्वपूर्ण निर्णय लिये गये।

बैठक की अध्यक्षता कार्य परिषद के सदस्य सुनीत व्यास ने की। इसी क्रम में श्री व्यास ने बताया कि अर्द्धकुंभ मेला के मद्देनजर अस्पताल में सौ बेड सुरक्षित किये जा रहे हैं। इसी के तहत दो वार्डों में कार्य चल रहा है।

कुलपति ने किया पुस्तक का विमोचन

इलाहाबाद : इलाहाबाद विश्वविद्यालय के विजयनगरम हाल में मंगलवार को अप्रवासी भारतीय



लेखक एवं चिकित्सक डा.सैयद नकी आब्दी द्वारा लिखित पुस्तक 'गालिब दीवान व नात ओ मनकबत' का विमोचन कुलपति प्रो.आरजी हर्षे ने किया। समारोह की अध्यक्षता उर्दू भाषा के उन्नयन की राष्ट्रीय परिषद के उपाध्यक्ष प्रो.शम्सुर्रहमान फारूकी ने की। प्रो.हर्षे ने इस पुस्तक की काफी तारीफ की। कहा कि भारतीय साहित्य इतना समृद्ध है कि विदेशों में रहते हुए भी लोग इस पर काम कर रहे हैं।

प्रो.रामेन्द्र राय को एक साथ तीन महत्वपूर्ण पद

इलाहाबाद : इलाहाबाद विश्वविद्यालय में मंगलवार को प्रो.रामेन्द्र राय को एक साथ तीन पद हासिल हो गये।

प्रो.राय को वाणिज्य संकाय का डीन, विभाग का अध्यक्ष एवं मोनीरिबा के निदेशक पद का दायित्व मिला है। यह सभी पद प्रो. राजशेखर के सेवानिवृत्ति होने के कारण मिले हैं। वैसे प्रो.राय के पास पहले से भी बहुत जिम्मेदारियां हैं। प्रो.राय के कार्यभार संभालने के बाद आज विभाग में समारोह आयोजित हुआ।

अमर उजाला

बुधवार, 20 दिसंबर 2006

...कहते हैं कि गालिब का है अंदाजे बयां और

एनआरआई डॉ. आब्दी का पुस्तक का विमोचन

इलाहाबाद। विश्वविद्यालय के कुलपति प्रो. आरजी हर्षे ने कहा कि गालिब की गजल में वो मजहब है जो इंसान को ईमान से जोड़ता है।

प्रो. हर्षे मंगलवार को विजयनगरम हाल में अप्रवासी भारतीय डॉ. सैयद तकी आब्दी की पुस्तक 'गालिब : दीवाने नातो मनकाबत' के विमोचन के मौके पर बोल रहे थे। इस पुस्तक में गालिब के उन शेरों का संकलन है जिनमें उन्होंने खुदा के प्रति शुक्रिया अदा किया है। कुलपति ने कहा कि गालिब के शेर अमर हैं और हमेशा एक जैसे असरकारी हैं।

कार्यक्रम की अध्यक्षता कर रहे नेशनल काउंसिल फॉर प्रमोशन ऑफ उर्दू लैंग्वेज के उपाध्यक्ष प्रो. शम्सुर्रहमान फारुकी ने कहा कि यह गालिब के शेरों का ही असर है कि हर पढ़ने वाले को लगता है कि शेर उसी के हालात पर कहा गया है। इस मौके पर डीन कॉलेजेज प्रो. एनआर फारुकी, प्रो. राजेंद्र कुमार, प्रो. एकदू फारुकी ने भी गालिब के शेरों पर विचार व्यक्त किए। रजिस्ट्रार फिरदौस वानी ने डॉ. आब्दी की एक अन्य पुस्तक 'सबद-ओ-सुखन' का विमोचन किया। यह पुस्तक उनके लेखों का संकलन है। कार्यक्रम के संचालक डॉ. फाजिल ए. हाशमी ने गालिब के कद को उनके ही शेर से बताने की कोशिश की.. 'हैं और भी दुनिया में सुखनवर बहुत अच्छे, कहते हैं कि गालिब का है अंदाजे बयां और।' धन्यवाद ज्ञापन रजिस्ट्रार श्री वानी ने किया।

हर रंग दिखेगा कला यात्रा में

आज वीसी करेंगे कला कुंभ का उद्घाटन

इलाहाबाद। विश्वविद्यालय डेलीगेसी की ओर से होने वाला वाला कला मेला बुधवार से शुरू हो रहा है। मेले के औपचारिक उद्घाटन से पहले सवेरे साढ़े नौ बजे वीसी प्रो.आरजी हर्षे कला यात्रा को सुभाष चौक पर हरी झंडी दिखाकर रवाना करेंगे। 'कला कुंभ' के नाम से होने वाले मेले का उद्घाटन एक बजे बजे वीसी डेलीगेसी में करेंगे।

चार दिन चलने वाले कला मेले में हिस्सा लेने के लिए देश के विभिन्न हिस्सों से प्रतिष्ठित और युवा कलाकार मंगलवार को ही पहुंच गए और डेलीगेसी परिसर कला के विविध रंगों में डूब गया।

कला मेले के पहले दिन अपराह्न डेढ़ बजे वीसी सुषमा अग्रवाल के चित्रों की प्रदर्शनी का उद्घाटन भी करेंगे। सांस्कृतिक कार्यक्रम शाम सवा चार बजे से होंगे। इस मौके पर बरगद के कला अंक के विमोचन के साथ ही वरिष्ठ चित्रकार सतन कुमार चटर्जी का सम्मान भी किया जाएगा। सांस्कृतिक कार्यक्रम में कुमाऊं विश्वविद्यालय के छात्र सरस्वती वंदना और स्वागत गीत प्रस्तुत करेंगे। इसके बाद बिहार का लोकनृत्य 'रंग दे बसंती', नटी लोकनृत्य, नाटक 'आर्डर-आर्डर' की प्रस्तुति भी होगी।

स्वयंसेवकों ने निकाली रैली

इलाहाबाद। इलाहाबाद विश्वविद्यालय की एनएसएस की इकाई संख्या आठ और 21 के दस दिवसीय शिविर के दौरान मंगलवार को स्वयंसेवकों ने स्वास्थ्य जागरूकता रैली निकाली।

रैली को एनएसएस की पूर्व समन्वयक डॉ.रमा सिंह ने हरी झंडी दिखाकर रवाना किया। इस मौके पर उत्तर प्रदेश राजर्षि टंडन मुक्त विश्वविद्यालय के निदेशक डॉ. बीएन सिंह ने बढ़ती जनसंख्या के मद्देनजर दूरस्थ शिक्षा के महत्व की चर्चा की।

विश्वविद्यालय यूजीसी के आदेश को भूल ही गया

इलाहाबाद। सिगरेट और तंबाकू के उत्पादों का प्रचार-प्रसार रोकने और उनके व्यापार को नियंत्रित करने संबंधी कानूनों का इलाहाबाद विश्वविद्यालय प्रशासन अपने स्तर पर भले ही संज्ञान न ले लेकिन इस बारे में यूजीसी की ओर से जारी आदेश भी दो महीने में ही भूल गया। यही कारण है कि विश्वविद्यालय और सभी महाविद्यालयों के आसपास सिगरेट और तंबाकू के उत्पाद धड़ल्ले से बिक रहे हैं। चीफ प्रॉक्टर प्रो.जटाशंकर भी मानते हैं कि इसे लेकर कोई कदम नहीं उठाया गया लेकिन भविष्य में इसे अभियान के तौर पर लिया जाएगा।

बता दें कि एक मई-2004 से प्रभावी सिगरेट और अन्य तंबाकू उत्पाद अधिनियम के तहत ऐसे प्रावधान भी हैं जिसके अनुसार शिक्षण संस्थाओं के आसपास ऐसे उत्पादों की बिक्री ही नहीं उनके प्रचार-प्रसार को भी प्रतिबंधित किया गया है लेकिन कम ही शिक्षण संस्थान ऐसे होंगे जिन्होंने इस आदेश के अनुपालन के लिए सामान्य प्रयास भी किए हों। पिछले साल सर्वोच्च न्यायालय ने भी अपने एक आदेश में इस एक्ट के प्रावधानों को सख्ती से लागू करने के आदेश दिए थे।



परिसर के आसपास धड़ल्ले से बिक रही सिगरेट-तंबाकू

इसी क्रम में यूजीसी के संयुक्त सचिव डॉ.पी. प्रकाश ने इसी साल अक्तूबर में देश के सभी विश्वविद्यालयों, महाविद्यालय और डीम्ड विश्वविद्यालयों को पत्र लिखकर परिसर की सौ मीटर की परिधि के अंदर सिगरेट और तंबाकू उत्पादों की बिक्री पर रोक लगाने का आदेश दिया था। यूजीसी ने इस बारे में एक्ट के अधीन परिसर के बाहर प्रतिबंध संबंधी बोर्ड लगाने के आदेश दिए थे। इसका उल्लंघन करने पर दो सौ रुपये तक जुर्माने का प्रावधान है। यूजीसी ने यह भी निर्देश दिए थे कि इस बारे में शिक्षकों और कर्मचारियों को भी जागरूक किया जाए ताकि इस एक्ट का अनुपालन हो सके।

यूजीसी ने यह भी निर्देश दिया था कि एक्ट के अनुपालन के लिए तैनात शिक्षकों के नाम भी औपचारिक रूप से घोषित किए जाएं ताकि लोग इस बारे में जान सकें लेकिन विश्वविद्यालय समेत किसी भी महाविद्यालय ने इस बारे में कोई कदम नहीं उठाया। यही कारण है कि विश्वविद्यालय और महाविद्यालय के आसपास सिगरेट और तंबाकू उत्पादों की बिक्री हो रही है। चीफ प्रॉक्टर प्रो.जटाशंकर बताते हैं कि यूजीसी का आदेश आने के बाद उन्होंने जिला प्रशासन को पत्र लिखा था ताकि वे एक्ट का पालन कराएं लेकिन इसके बाद इसे कभी अभियान के तौर पर नहीं लिया जा सका। हालांकि उन्होंने कहा कि विश्वविद्यालय जल्द ही अभियान चलाकर आसपास से ऐसी दुकानें हटवाएगा।

Maulana Azad National Urdu University

requests your presence
on the occasion of

YAUM-E-GHALIB

One-day International Seminar

"Ghalib Shair-e-zeest"

Inaugural Session

Chief Guest

Gyanpeeth laureate

Dr. C. Narayan Reddy
Former Vice-Chancellor
Telugu University, Hyderabad, AP

Prof. A.M. Pathan
Vice-Chancellor, MANUU
Will Preside

Wednesday, the 27th of December 2006, 11.00 A.M.

Venue: MANUU Conference Hall, Gachibowli, Hyderabad - 500 032

"غالب: شاعرِ زیست"

پہلا ایک روزہ بین قومی سیمینار

زیر اہتمام مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی

تاریخ: چہارشنبہ 27 دسمبر 2006ء   مقام: مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کانفرنس ہال

وقت: 11.00 بجے دن

نظام العمل، افتتاحی اجلاس

خیر مقدم و تعارفی کلمات : ڈاکٹر کے آر اقبال احمد، پرو وائس چانسلر و انچارج رجسٹرار

افتتاحی کلمات : ڈاکٹر سی نارائن ریڈی، سابق وائس چانسلر تلگو یونیورسٹی حیدرآباد

رسم اجراء غالب دیوانِ نعت و منقبت ۔ مولف ڈاکٹر سید تقی عابدی، کینیڈا

بدست: پروفیسر اے ایم پٹھان، وائس چانسلر

دستاویزی فلم

"غالب کی پرچھائیاں"

صدارتی خطاب

وائس چانسلر پروفیسر اے ایم پٹھان

کنوینر: ڈاکٹر شجاعت علی راشد، انچارج شعبہ تعلقات عامہ

وقفہ برائے چائے

توسیعی لکچر

"اُردو کی نئی بستیاں"

از

ڈاکٹر سید تقی عابدی، کینیڈا

زیر اہتمام : مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی

صدارت

پروفیسر اے ایم پٹھان

وائس چانسلر، مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی

تاریخ : 26 دسمبر 2006ء وقت: ساڑھے گیارہ بجے دن

مقام : کانفرنس ہال، مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی

کنوینر: ڈاکٹر محمد شجاعت علی راشد، انچارج شعبہ تعلقات عامہ، مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی

آپ سے شرکت کی پُر خلوص خواہش ہے

توسیعی لکچر

"مرثیے کی شعریات"

از

ڈاکٹر سید تقی عابدی، کینیڈا

زیر اہتمام : مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی

صدارت

ڈاکٹر کے آر اقبال احمد

پرو وائس چانسلر وانچارج رجسٹرار

مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی

بتاریخ : 28 دسمبر 2006ء — وقت: ساڑھے گیارہ بجے دن

مقام : کانفرنس ہال، مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی

کنوینر: ڈاکٹر محمد شجاعت علی راشد، انچارج شعبہ تعلقات عامہ، مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی

آپ سے شرکت کی پُرخلوص خواہش ہے

اُردو زبان و ادب کی ترقی، نسل نو کی ذمہ داری

مولانا آزاد یونیورسٹی میں "اُردو کی نئی بستیاں" عنوان پر ڈاکٹر تقی عابدی کا توسیعی لیکچر

حیدرآباد 27 دسمبر (پریس نوٹ) سماجی تبدیلیوں اور عصری تقاضوں کے مطابق زبان و ادب کو بھی اپنے اندر تبدیلی پیدا کرنی چاہئے۔ اردو زبان جتنی نرمی، لچک اور نمی کی حامل ہے وہ اردو والوں میں نہیں پائی جاتی۔ اور جب تک مٹی نم نہیں ہوگی وہ زرخیز نہیں بن سکتی۔ ان خیالات کا اظہار ڈاکٹر تقی عابدی نے آج یہاں مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی میں "اردو کی نئی بستیاں" پر اپنے توسیعی لیکچر کے دوران کیا۔ انھوں نے کہا کہ آج "نئی بستیوں" میں اردو کو زندہ رکھنا بہت بڑا سوال بن گیا ہے۔ کیونکہ جس زبان کے بغیر زندگی کی تمام ضروریات پوری ہو جاتی ہوں، جس زبان کے اختیار نہ کرنے سے کسی طرح کی رکاوٹ پیش نہیں آتی ہو اس زبان میں دلچسپی کیسے پیدا کی جائے؟ ڈاکٹر عابدی نے خود بھی کئی تجاویز پیش کیں۔ تاہم محبان اردو کو دعوت دی کہ وہ آگے آئیں اور اس سمت پیش قدمی کریں۔ انھوں نے بتایا کہ مغربی ممالک میں مشاعرے اردو کی مقبولیت کا ایک اہم ذریعہ ہیں مگر اب وہاں ادبی ذوق کے بجائے ہوٹنگ کا غلبہ ہوتا ہے اور مشاعرے آمدنی کے ذرائع بنتے جا رہے ہیں۔ انھوں نے کہا کہ اردو کی تبلیغ کے دیگر ذرائع میں فلمیں، اردو اخبارات و رسائل کی اشاعت، اردو ریڈیو، ٹی وی، میلاد کے جلسے، جمعہ کے خطبے اور مجالس عزا وغیرہ شامل ہیں۔ جو اردو زبان و ادب کی ترقی و ترویج اور اسے زندہ رکھنے میں بہت اہم رول ادا کر رہے ہیں۔ ڈاکٹر عابدی نے جلسوں اور سمیناروں میں نوجوان نسل کو موقع دینے کی وکالت کرتے ہوئے کہا کہ ہم تو اپنی باری کھیل چکے اب نوجوان نسل ہی کے شانوں پر اردو کے تحفظ و بقا کی ذمہ داری عائد ہوتی ہے۔ وائس چانسلر پروفیسر اے ایم پٹھان نے اپنے صدارتی خطاب میں ڈاکٹر عابدی کا خیر مقدم کیا اور کہا کہ اردو کی مضبوطی اور شاندار مستقبل کا راز پرائمری سطح کی تعلیم میں پنہاں ہے۔ اگر پرائمری سطح پر معیاری تعلیم ہوگی تو خود بخود آگے چل کر اردو کا ماحول بنے گا۔ پروفیسر پٹھان نے کہا کہ ہندوستان میں اردو زبان کی ترقی و ترویج اردو ذریعہ تعلیم سے مربوط ہے لہذا ضرورت اس بات کی ہے کہ اردو کو انفارمیشن ٹکنالوجی سے جوڑتے ہوئے تمام عصری علوم کی اردو زبان میں فراہمی کو یقینی بنایا جائے۔ پروفیسر پٹھان نے اس خصوص میں اردو یونیورسٹی میں نو قائم کردہ سنٹر فار پروفیشنل ڈیولپمنٹ آف اردو میڈیم ٹیچرس کو پرائمری اساتذہ کی تربیت کے لئے ایک اہم قدم اور پیشرفت سے تعبیر کیا۔ ابتداء میں ڈاکٹر محمد ظفر الدین صدر شعبہ ترجمہ نے ڈاکٹر عابدی کا تعارف پیش کیا اور خیر مقدمی تقریر کی جبکہ لیکچرر اصلاحی تعلیم ڈاکٹر نکہت جہاں نے جلسے کی نظامت کی۔ ڈاکٹر شجاعت علی راشد انچارج شعبہ تعلقات عامہ نے شکریہ ادا کیا۔ لیکچر کے بعد شریک طلباء و اساتذہ نے سوالات بھی کئے۔ ڈاکٹر عابدی نے اطمینان بخش جوابات دیئے۔ اس توسیعی لیکچر میں یونیورسٹی کے تدریسی و غیر تدریسی شعبوں کے اراکین، طلباء، اسکالرس اور محبان اردو کی کثیر تعداد شریک تھی۔

ریاستی

28-دسمبر-2006ء

بچوں اور نوجوانوں میں اردو کی محبت پیدا کرنے پیش قدمی ناگزیر

"اردو کی نئی بستیاں" کے زیر عنوان ڈاکٹر تقی عابدی کا توسیعی لکچر

حیدرآباد۔ 27 دسمبر (فیاکس) سماجی تبدیلیوں اور عصری تقاضوں کے مطابق زبان و ادب کو بھی اپنے اندر تبدیلی پیدا کرنی چاہئے۔ اردو زبان جتنی نرمی، لچک اور نمی کی حامل ہے وہ اردو والوں میں نہیں پائی جاتی اور جب تک مٹی نم نہیں ہوگی وہ زرخیز نہیں بن سکتی۔ ان خیالات کا اظہار ڈاکٹر تقی عابدی نے آج یہاں مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی میں "اردو کی نئی بستیاں" پر اپنے توسیعی لکچر کے دوران کیا۔ انہوں نے کہا کہ آج 'نئی بستیوں' میں اردو کو زندہ رکھنا بہت بڑا سوال بن گیا ہے۔ کیونکہ جس زبان کے بغیر زندگی کی تمام ضروریات پوری ہو جاتی ہوں، جس زبان کے اختیار نہ کرنے سے کسی طرح کی رکاوٹ پیش نہیں آتی ہو اس زبان میں دلچسپی کیسے پیدا کی جائے؟ ڈاکٹر عابدی نے خود بھی کئی تجاویز پیش کیں اور محبان اردو کو دعوت دی کہ وہ آگے آئیں اور اس سمت پیش قدمی کریں۔ بچوں اور نوجوان نسل میں اردو کی محبت پیدا کریں۔ اس زبان کے ساتھ ایک تہذیب کے طور پر سلوک کریں۔ انہوں نے کہا کہ نئی بستیوں میں اردو کے مستقبل کے تعلق سے کسی دانشور نے اب سے قریب بیس سال قبل پیشن گوئی کی تھی کہ آنے والے پچاس برسوں میں اردو کی جڑیں سوکھ جائیں گی۔ گرچہ وہ بات صحیح ثابت نہ ہو سکی تاہم اگر ہم نے اردو کی جانب خصوصی توجہ نہ دی تو اس دانشور کی بات صحیح ثابت ہو جانے کا خدشہ ہے۔ انہوں نے بتایا کہ مغربی ممالک میں مشاعرے اردو کی مقبولیت کا ایک اہم ذریعہ ہیں مگر وہاں ادبی ذوق کے بجائے ہوٹنگ کا غلبہ ہوتا ہے اور مشاعرے آمدنی کے ذرائع بنتے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اردو کی تبلیغ کے دیگر ذرائع فلمیں، اردو اخبارات و رسائل کی اشاعت، اردو ریڈیو، ٹی وی میلاد کے جلسے، جمعہ کے خطبے اور مجالس عزاء وغیرہ ہیں۔ جو اردو زبان و ادب کی ترقی و ترویج اور اسے زندہ رکھنے میں بہت اہم رول ادا کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم تو اپنی باری کھیل چکے اب نوجوان نسل ہی کے شانوں پر اردو کے تحفظ و بقاء کی ذمہ داری عائد ہوتی ہے۔ وائس چانسلر پروفیسر اے ایم پٹھان نے اپنے صدارتی خطاب میں ڈاکٹر عابدی کا خیر مقدم کیا اور کہا کہ اردو کی مضبوطی اور شاندار مستقبل کا راز پرائمری سطح کی تعلیم میں پنہاں ہے۔ اگر پرائمری سطح پر معیاری تعلیم ہوگی تو خود بخود آگے چل کر اردو کا ماحول بنے گا۔ انہوں نے کہا کہ ضرورت اس بات کی ہے کہ اردو کو انفارمیشن ٹکنالوجی سے جوڑتے ہوئے تمام عصری علوم کی اردو زبان میں فراہمی کو یقینی بنایا جائے۔ پروفیسر پٹھان نے اس خصوص میں اردو یونیورسٹی میں نئے قائم کردہ سنٹر فار پروفیشنل ڈیولپمنٹ آف اردو میڈیم ٹیچرس کو پرائمری اساتذہ کی تربیت کے لئے ایک اہم قدم اور پیشرفت سے تعبیر کیا۔ ابتداء میں ڈاکٹر محمد ظفر الدین صدر شعبہ ترجمہ نے ڈاکٹر عابدی کا تعارف پیش کیا اور خیر مقدمی تقریر کی۔ ڈاکٹر نکہت جہاں نے جلسے کی نظامت کی۔ ڈاکٹر شجاعت علی راشد انچارج شعبہ تعلقات عامہ نے شکریہ ادا کیا۔

مولانا آزاد اردو یونیورسٹی میں آج بین قومی سمینار

ڈاکٹر سی نارائن ریڈی، ڈاکٹر سید تقی عابدی، پروفیسر مغنی تبسم اور پروفیسر قمر رئیس شرکت کریں گے

حیدرآباد۔ 26 دسمبر (پریس نوٹ) مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کے زیر اہتمام مرزا اسد اللہ خاں غالب کے یوم ولادت کے سلسلے میں بروز چہارشنبہ 27 دسمبر 2006ء کو 11 بجے دن ایک روزہ بین قومی سمینار کا گیان پیٹھ ایوارڈ یافتہ ڈاکٹر سی نارائن ریڈی کے افتتاحی کلمات سے آغاز عمل میں آئے گا۔ کنوینر و انچارج شعبہ تعلقات عامہ ڈاکٹر شجاعت علی راشد کے بموجب وائس چانسلر پروفیسر اے ایم پٹھان اس اجلاس کی صدارت کریں گے اور ڈاکٹر سید تقی عابدی، کینیڈا کی تالیف "غالب دیوان نعت و منقبت" کی رسم اجرا انجام دیں گے۔ اس موقع پر "غالب کی پرچھائیاں" منظر دستاویزی فلم کی نمائش کا بھی اہتمام کیا جا رہا ہے۔ اس سمینار کے دیگر دو اجلاسوں کے پروگراموں میں جزوی تبدیلی کی گئی ہے۔ پہلے اجلاس کی صدارت پروفیسر مغنی تبسم سابق صدر شعبہ اردو عثمانیہ یونیورسٹی و معتمد ادارہ ادبیات اردو اور دوسرے اجلاس کی صدارت پروفیسر قمر رئیس نائب صدر نشین دہلی اردو اکیڈیمی کریں گے۔ "مرزا غالب ایم سی اے" جناب غالب خوندمیری کی فلم کے علاوہ سمینار کے پہلے اجلاس میں ڈاکٹر مسرت جہاں لیکچرر شعبہ اردو مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی، ڈاکٹر فاطمہ پروین ریڈر شعبہ اردو جامعہ عثمانیہ، ڈاکٹر ریحانہ سلطانہ صدر شعبہ تعلیم نسواں، مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی، ڈاکٹر سید تقی عابدی (کینیڈا) اور پروفیسر قمر رئیس، غالب کے فن اور شخصیت کے مختلف پہلوؤں پر مقالے پیش کریں گے۔

اس بین قومی سمینار کے دوسرے اجلاس میں ڈاکٹر شمس الہدیٰ دریابادی لیکچرر شعبہ اردو مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی، پروفیسر مظفر شہ میری ریڈر شعبہ اردو حیدرآباد سنٹرل یونیورسٹی، ڈاکٹر محبت جہاں لیکچرر تعلیمات فاصلاتی تعلیم مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی، پروفیسر ایس اے وہاب قیصر کنٹرولر امتحانات مولانا آزاد اردو یونیورسٹی اور جناب مظفر عباد مقالے پیش کریں گے۔

ڈاکٹر شجاعت علی راشد، کنوینر و انچارج شعبہ تعلقات عامہ مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی، ڈاکٹر محمد ظفر الدین صدر شعبہ ترجمہ مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی، ڈاکٹر نجم السحر ریڈر شعبہ تعلیم و تربیت مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی ان اجلاسوں کے ناظم ہوں گے۔ ڈاکٹر شجاعت علی راشد، کنوینر سمینار و انچارج شعبہ تعلقات عامہ نے تمام محبین اور اردو داں حضرات سے اس بین قومی سمینار میں شرکت کی پرخلوص خواہش کی ہے۔

سیاست

27/12/06

اردو یونیورسٹی میں آج "غالب شاعر زیست" پر قومی سمینار

ڈاکٹر نارائن ریڈی، ڈاکٹر سید تقی عابدی، پروفیسر مغنی تبسم اور پروفیسر قمر رئیس کی شرکت

حیدرآباد۔ 26 دسمبر (راست) مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کے زیر اہتمام مرزا اسد اللہ خان غالب کے یوم ولادت کے سلسلے میں 27 دسمبر 2006ء کو 11 بجے دن ایک روزہ قومی سمینار کا [illegible] پدم بھوشن ڈاکٹر سی نارائن ریڈی کے افتتاحی خطاب سے آغاز عمل میں آئیگا۔ کنوینر و انچارج شعبہ تعلقات عامہ ڈاکٹر شجاعت علی راشد کے بموجب وائس چانسلر پروفیسر اے ایم پٹھان اس اجلاس کی صدارت کریں گے اور ڈاکٹر سید تقی عابدی کینیڈا کی تالیف "غالب [illegible]" کی رسم اجراء انجام دیں گے۔ اس موقع پر "غالب کی پرچھائیاں" [illegible] کی نمائش کا بھی اہتمام کیا جا رہا ہے۔ اس سمینار کے دیگر دو اجلاسوں کے پروگراموں میں جزوی تبدیلی کی گئی ہے۔ پہلے اجلاس کی صدارت پروفیسر مغنی تبسم سابق صدر شعبہ اردو عثمانیہ یونیورسٹی و معتمد ادارہ ادبیات اردو اور دوسرے اجلاس کی صدارت پروفیسر قمر رئیس سابق صدر [illegible] دہلی اردو اکیڈمی کریں گے۔ "مرزا غالب ایم بی اے" جناب غالب [illegible] کی نظم کے علاوہ سمینار کے پہلے اجلاس میں ڈاکٹر مسرت جہاں لکچرر شعبہ اردو مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی ڈاکٹر فاطمہ پروین ریڈر شعبہ اردو جامعہ عثمانیہ ڈاکٹر ریحانہ سلطانہ صدر شعبہ تعلیم نسواں مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی ڈاکٹر سید تقی عابدی (کینیڈا) اور پروفیسر قمر رئیس غالب کے فن اور شخصیت کے مختلف پہلوؤں پر مقالے پیش کریں گے۔ اس قومی سمینار کے دوسرے اجلاس میں ڈاکٹر [illegible] شعبہ اردو [illegible] یونیورسٹی پروفیسر [illegible] شعبہ اردو حیدرآباد سنٹرل یونیورسٹی ڈاکٹر [illegible] اردو یونیورسٹی اور جناب [illegible] مقالے پیش کریں گے۔ ڈاکٹر شجاعت علی راشد ڈاکٹر محمد ظفرالدین صدر شعبہ ترجمہ اردو یونیورسٹی [illegible] شعبہ تعلیم و تربیت اردو یونیورسٹی ان اجلاسوں کے ناظم ہوں گے۔ ڈاکٹر شجاعت علی راشد نے تمام محبان اردو اور [illegible] سے اس قومی سمینار میں شرکت کی خواہش کی ہے۔ [illegible]

رہنمائے دکن

27/12/06

رہنمائے دکن ۔ 23/12/06

مقامی خبریں.......

مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی میں "غالب شناس زیست" بین قومی سمینار

ڈاکٹر سی نارائن ریڈی، ڈاکٹر سید تقی عابدی اور پروفیسر سید مجاور حسین کی شرکت

حیدرآباد۔ 22 دسمبر (پریس نوٹ) مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کے زیر اہتمام مرزا اسد اللہ غالب کے یوم ولادت کے سلسلے میں 27 دسمبر کو گیارہ بجے دن ایک روزہ بین قومی سمینار کا گیان پیٹھ ایوارڈ یافتہ ڈاکٹر سی نارائن ریڈی کے افتتاحی کلمات سے آغاز عمل میں آئے گا کنوینر و انچارج شعبہ تعلقات عامہ ڈاکٹر شجاعت علی راشد کے بموجب وائس چانسلر پروفیسر اے ایم پٹھان اس اجلاس کی صدارت کریں گے اور ڈاکٹر سید تقی عابدی "کینیڈا" غالب "دیوان نعت و منقبت" کی رسم اجراء انجام دیں گے۔ اس موقع پر "غالب کی پرچھائیاں" مختصر دستاویزی فلم کی نمائش کا بھی اہتمام کیا جارہا ہے۔ اس سمینار کے دیگر دو اجلاسوں کی صدارت علی الترتیب پروفیسر سید مجاور حسین رضوی (الہ آباد) سابق صدر شعبہ اردو حیدرآباد سنٹرل یونیورسٹی اور پروفیسر قمر رئیس نائب صدر نشین دہلی اردو اکیڈیمی کریں گے۔ "مرزا غالب" ایم سی اے "جناب غالب خود [illegible]" کی نظم کے علاوہ سمینار کے پہلے اجلاس میں ڈاکٹر مسرت جہاں لیکچرر شعبہ مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی ڈاکٹر فاطمہ پروین ریڈر شعبہ اردو جامعہ عثمانیہ ڈاکٹر ریحانہ سلطانہ صدر شعبہ تعلیم نسواں مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی ڈاکٹر تقی عابدی (کینیڈا) اور پروفیسر قمر رئیس غالب کے فن اور شخصیت کے مختلف پہلوؤں پر مقالے پیش کریں گے۔ اس بین قومی سمینار کے دوسرے اجلاس میں ڈاکٹر شمس الہدیٰ دریابادی لیکچرر شعبہ اردو مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی پروفیسر مظفر شہ میری ریڈر شعبہ اردو حیدرآباد سنٹرل یونیورسٹی ڈاکٹر نکہت جہاں لیکچرر نظامت فاصلاتی تعلیم مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی پروفیسر ایس اے مجیب قیصر کنٹرولر امتحانات مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی اور پروفیسر سید مجاور حسین رضوی مقالے پیش کریں گے۔ ڈاکٹر شجاعت علی راشد کنوینر و انچارج شعبہ تعلقات عامہ مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی ڈاکٹر محمد ظفر الدین صدر شعبہ ترجمہ مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی ڈاکٹر انجم النساء زیبا شعبہ تعلیم و تربیت مولانا آزاد اردو یونیورسٹی ان اجلاسوں کے ناظم ہوں گے۔ ڈاکٹر شجاعت علی راشد کنوینر سمینار و انچارج شعبہ تعلقات عامہ نے تمام محبین اور چاہنے والوں سے اس بین قومی سمینار میں شرکت کی پرخلوص خواہش کی ہے۔ یہاں اس بات کا ذکر بے محل نہ ہوگا کہ ڈاکٹر سید تقی عابدی، پروفیسر سید مجاور حسین رضوی اور پروفیسر قمر رئیس کا انجام حیدرآباد سنٹرل یونیورسٹی کے [illegible]

The Siasat Daily | SAT 30-12-2006

"مرثیے کی شعریات" عنوان پر ڈاکٹر تقی عابدی کا توسیعی لکچر

حیدرآباد ۔ 29/دسمبر (پریس نوٹ) اردو میں صنف مرثیہ کو فارسی کے وسیلے سے ترقی حاصل ہوئی ۔ اس خیال کا اظہار ڈاکٹر سید تقی عابدی (کینیڈا) نے مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کے کانفرنس ہال میں "مرثیے کی شعریات" پر اپنے توسیعی لکچر کے دوران کیا ۔ [illegible]

[illegible]